نیوز ریلیز

# بجلی کو مزید قابل استطاعت بنانا

18 اپریل 2024 میڈیا استفسارات

## حکومت البرٹا، البرٹا کے لوگوں کا قیمتوں میں اضافے سے تحفظ کر کے اور اپنے آپشنز کے بارے میں زیادہ باخبر کرنے میں ان کی مدد کر کے بجلی کو زیادہ قابل استطاعت بنانے میں مصروف عمل ہے۔

البرٹا کے شہریوں کو پہلے سے طے شدہ بجلی کے نرخوں میں اچانک اضافے سے تحفظ فراہم کرنے کے لیے، حکومت البرٹا اس موسم بہار میں قانون سازی اور نئے قواعد و ضوابط متعارف کروانے کا ارادہ رکھتی ہے تاکہ اتار چڑھاؤ میں کمی لا کر اور بجلی کی منڈی میں مسابقت کو بڑھا کر بجلی کو زیادہ قابل استطاعت بنایا جا سکے۔ بجلی کے پہلے سے طے شدہ نرخ، ہر دو سال بعد ہر فراہم کنندہ کے لیے مقرر کر کے مستحکم کیے جائیں گے۔ اس سے البرٹا کے لوگوں کے لیے قیمتوں میں تیز رفتار اضافے میں نمایاں طور پر کمی آئے گی، جو ایک مسابقتی معاہدے پر دستخط کرنے سے قاصر ہیں، بشمول البرٹا کے دیہی صارفین جن کے پاس کوئی دیگر اختیارات دستیاب نہیں ہیں، اور وہ لوگ جو کمزور کریڈٹ کے حامل یا دیگر مالی مشکلات کا شکار ہیں جیسا کہ بزرگ اور دیگر زد پذیر آبادیاں۔

"البرٹا کے لوگوں کو ہر ماہ اپنا بل دیکھنے پر گھبراہٹ کا شکار نہیں ہونا چاہیے۔ بجلی کے غیر متوقع اخراجات، خاندانوں کے لیے اپنے گھریلو بجٹ کا منصوبہ بنانا مشکل بنا دیتے ہیں اور ہم بجلی کی بلنگ کی الجھنوں کو البرٹا کے لوگوں کے لیے مالی مشکلات کا سبب بننے کی اجازت نہیں دے سکتے ہیں۔ ہم نے وعدہ کیا تھا کہ ہم یوٹیلیٹی بلز میں بڑھتی ہوئی عدم استطاعت کا ازالہ کریں گے اور ایسا کرنے کے لیے ہم ابتدائی اقدامات کر رہے ہیں، جن کے بعد مزید کیے جائیں گے۔"

*ڈینیئل اسمتھ (Danielle Smith)، البرٹا کی پریمیئر*

طے شدہ بجلی کے نرخ کا نام، ریگولیٹڈ ریٹ آپشن (RRO) گمراہ کن ہے، کیونکہ اصطلاح 'ریگولیٹڈ/منظم کردہ' صارفین کو الجھن میں ڈال رہی ہے اور انہیں تحفظ کا جھوٹا احساس دلاتی ہے کہ نرخ کا تحفظ حکومت کی طرف سے کیا جاتا ہے۔ RRO ورکنگ گروپ کی سفارشات کی بنیاد پر، حکومت البرٹا اس موسم بہار میں پہلے سے طے شدہ بجلی کے نرخ کا نام تبدیل کر کے ریٹ آف لاسٹ ریزورٹ (Rate of Last Resort) رکھنے پر قانون سازی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ نام کو ریٹ آف لاسٹ ریزورٹ میں تبدیل کرنے سے، صارفین اس ریٹ کو بہتر طریقے سے سمجھ سکیں گے، جس کی وہ ادائیگی کر رہے ہیں اور یہ انہیں اپنے لیے بہترین آپشن تلاش کرنے میں حوصلہ افزائی کرے گا۔

"علم طاقت ہے اور البرٹا کے باشندوں کو اپنے اختیارات جاننے کی ضرورت ہے۔ یوٹیلیٹی بل ایک سخت بجٹ بنا سکتے یا توڑ سکتے ہیں جہاں ایک ایک پیسہ اہم ہوتا ہے، یہی وجہ ہے کہ ہم محدود آپشنز والے لوگوں کا بجلی کی قیمتوں میں اچانک اضافے

سے تحفظ کر رہے ہیں۔ یہ البرٹا کے تمام لوگوں کے لیے زندگی کو زیادہ قابل استطاعت بھی بنائے گا کیونکہ یہ یوٹیلیٹیز کی قیمت کو نیچے جانے پر مجبور کرتا ہے۔"

*نتھان نیوڈورف (Nathan Neudorf)، وزیر برائے استطاعت اور افادیت*

جب ایک صارف مسابقتی معاہدے پر دستخط نہ کرنے کا انتخاب کرتا ہے، تو اسے خود بخود اپنی بجلی اپنے مقامی طے شدہ فراہم کنندہ سے طے شدہ ریٹ پر خریدنا ہو گی۔ مزید یقینی بنانے کے لیے کہ البرٹا کے لوگوں کو اپنی بجلی کے نرخ کے اختیارات کے بارے میں بہتر طور پر آگاہ کیا جائے، حکومت البرٹا طے شدہ یوٹیلیٹیز فراہم کنندگان کے لیے اضافی تقاضے متعارف کرانے کا ارادہ رکھتی ہے۔ اپنی سروسز فراہم کرنے کے 90 دنوں کے اندر، فراہم کنندگان کو اپنے کسٹمر سے تصدیق کرنی ہو گی کہ آیا وہ مسابقتی شرح کے معاہدے پر دستخط کرنے کا انتخاب کر رہے ہیں یا پہلے سے طے شدہ بجلی کی شرح پر قائم رہنا چاہتے ہیں۔ فراہم کنندگان کو اپنے صارفین کے ساتھ یوٹیلٹیز کنزیومر ایڈوکیٹ کے وسائل تک رسائی کے بارے میں معلومات کا اشتراک کرنے کی بھی ضرورت ہو گی۔ مزید برآں، حکومت فراہم کنندگان سے مطالبہ کرے گی کہ وہ انہیں ان کے ماہانہ بلز پر اپنے اختیارات کے بارے میں یاد دہانی کرائیں۔

البرٹا کی مسابقتی ریٹیل بجلی کی منڈی البرٹا کے لوگوں کو 50 سے زیادہ مسابقتی قیمت ریٹیلرز کا انتخاب فراہم کرتی ہے جو مقررہ اور متغیر شرح کے معاہدے فراہم کرتے ہیں۔ البرٹا کے دسیوں ہزار لوگ 2023 میں پہلے سے طے شدہ نرخ سے ہٹ گئے تھے اور جو لوگ اب بھی اس نرخ پر ہیں انہیں اپنے اختیارات پر غور کرنا چاہیے۔ وہ لوگ جو اپنے یوٹیلیٹی بلز میں مدد کی تلاش میں ہیں یا جو اپنے فراہم کنندہ کے ساتھ تنازعہ کا سامنا کر رہے ہیں انہیں یوٹیلیٹیز کنزیومر ایڈووکیٹ سے رابطہ کرنا چاہیے۔

## فوری حقائق

- البرٹا کے لوگوں کے پاس بجلی اور قدرتی گیس کی سہولیات کی خریداری کے وقت تین آپشنز ہوتے ہیں؛ ڈیفالٹ RRO، متغیر (فلوٹنگ) شرح کا مسابقتی معاہدہ، یا مقررہ شرح کا مسابقتی معاہدہ۔
  - یوٹیلیٹی کے نرخ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، یوٹیلیٹیز کنزیومر ایڈووکیٹ سے رابطہ کریں یا ان کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔
  - البرٹا میں، وہ صارفین جو مسابقتی معاہدے پر دستخط نہیں کرتے ہیں، انہیں اپنے مقامی RRO فراہم کنندہ سے بجلی کا ایک طے شدہ نرخ موصول ہو گا۔
  - فی الحال، طے شدہ بجلی کے ریٹس البرٹا میں بجلی کی منڈی کی قیمتوں کی بنیاد پر مہینہ بہ مہینہ اتار چڑھاؤ دکھاتے ہیں۔ یہ نرخ البرٹا یوٹیلیٹیز کمیشن (AUC) کی طرف سے مقرر کیے جاتے ہیں اور حکومت کی طرف سے ان کا تعین نہیں کیا جاتا ہے۔
- تقریباً 29 فیصد رہائشی صارفین پہلے سے طے شدہ بجلی کے نرخ پر بجلی خریدتے ہیں۔
- تقریباً 32 فیصد اہل تجارتی صارفین اور 46 فیصد دیہی/فارم صارفین پہلے سے طے شدہ بجلی کے نرخ پر بجلی خریدتے ہیں۔

## متعلقہ معلومات

- یوٹیلیٹیز کنزیومر ایڈووکیٹ

- MSA ماڈلنگ

## متعلقہ خبریں

- جنوری میں صارفین کے لیے بہتر ویٹیلیٹی ریلیف (21 دسمبر، 2022)

## ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس ملاحظہ کریں

## میڈیا کے استفسارات

### سیم بلیکٹ (Sam Blackett)

587-589-6048
پریس سیکرٹری، دفتر پریمیئر

### ایشلے ایم سٹیونسن (Ashley M Stevenson)

587-357-2141
پریس سیکرٹری، وزارت برائے استطاعت اور افادیت